دفتر مہتمم جنگلات حد بندی ڈویژن مظفر آباد

بینک روڈ مظفرآباد فون نمبر 92-5822-920702+

☆☆☆☆☆

شارٹ ٹینڈر نوٹس:

محکمہ جنگلات حد بندی ڈویژن مظفر آباد کو تعمیر پختہ برجیات کیلئے "اے کلاس" رجسٹرڈ ٹھیکیداران محکمہ جنگلات جن کی رواں مالی سال 24-2023ء کیلئے تجدید رجسٹریشن ہو چکی ہو، سے لاٹ وائز سنگل لفافہ کی بنیاد پر سربمہر ٹینڈر مطلوب ہیں۔ فارم حاصل کرنے کیلئے درخواست مورخہ 24-02-2024 تک ٹینڈر فارم کی درخواست دینا لازمی ہوگی۔ بصورت دیگر ٹینڈر فارم اجراء نہ ہوگا۔ ٹینڈر فارم مورخہ 26-02-2024 کو دفتری اوقات کار میں دفتر حد بندی ڈویژن مظفر آباد (واقع بینک روڈ) سے مقررہ قیمت کی ادائیگی پر حاصل کیے جاسکتے ہیں۔ ٹینڈر مورخہ 27-02-2024 کو دن 12:15 بجے دفتر ہذا میں رکھے گئے ٹینڈر بکس میں ڈالنا ضروری ہیں جو کہ اسی روز 12:45 بجے دن ٹینڈر دہندگان / مجاز نمائندگان کی موجودگی میں کھولے جائیں گے۔

تفصیل تعمیر پختہ برجیات حسب ذیل ہے:-

نام علاقائی فاریسٹ ڈویژن	لاٹ نمبر	تعداد قابل تعمیر پختہ برجیات	ریٹ	مدت تکمیل
علاقائی ڈویژن مظفر آباد	1	210 عدد	فی برجی دینا ہوگی۔	30-06-2024
علاقائی ڈویژن جہلم ویلی	2	250 عدد	۔ایضاً۔	۔۔ایضاً۔۔
علاقائی ڈویژن ہٹیاں	3	207 عدد	۔ایضاً۔	۔۔ایضاً۔۔
علاقائی ڈویژن کیرن	4	208 عدد	۔ایضاً۔	۔۔ایضاً۔۔
علاقائی ڈویژن شارہ	5	208 عدد	۔ایضاً۔	۔۔ایضاً۔۔
علاقائی ڈویژن کیل	6	250 عدد	۔ایضاً۔	۔۔ایضاً۔۔

شرائط:

1- ٹینڈر مقررہ فارم پر مقررہ وقت پر دینا ہوگا جو دفتر ہذا سے بالعوض مبلغ -/3000 روپے معہ Bidding Document فی کاپی نقد ادائیگی پر حاصل کیے جاسکتے ہیں۔

2- ہر لاٹ کیلئے علیحدہ علیحدہ ٹینڈر فی برجی کے حساب سے دینا ہوگا۔

3- ٹینڈر کے ہمراہ کال ڈیپازٹ پیش کردہ ٹینڈر کی کل مالیت کا 2% مکفول بحق مہتمم جنگلات حد بندی ڈویژن مظفر آباد شامل ہونا لازمی ہے۔ بدوں کال ڈیپازٹ ٹینڈر قابل قبول نہ ہوگا اور مسترد کر دیا جائے گا۔

4- ٹینڈر دہندہ کو درخواست کے ہمراہ فائلر اور نان فائلر کا ثبوت مہیا کرنا ہوگا۔ بصورت دیگر ٹینڈر فارم اجراء نہ ہوگا۔

5- برجیات کی تصریحات / ڈیزائن کسی بھی وقت دفتری اوقات کار کے دوران حاصل کی جاسکتی ہیں، مشکوک و مشروط ٹینڈر قابل قبول نہیں ہوں گے اور مسترد کر دیئے جائیں گے۔

6- اقرار نامہ و اجرائیگی ورک آرڈر کے بعد موقع پر حسب نشاندہی عملہ حد بندی جنگلات فوری طور پر کام شروع کرنا ہوگا۔ بصورت دیگر ٹھیکہ منسوخ کر کے زرضمانت بحق سرکار ضبط کر دی جائے گی۔

7- تعمیر پختہ برجیات کا کام ایگریمنٹ میں درج شرائط و قواعد محکمانہ ہدایات قائمہ و مقررہ تصریحات کے عین مطابق کرنا ہوگا۔ بصورت دیگر

167
06/02/24

ادائیگی عمل میں نہیں لائی جائے گی۔

-8 Work Done بل سے 10 فیصد بطور Retention money مطابق معاہدہ منہا کیا جائے گا۔

-9 کال ڈیپازٹ اور بلات سے منہا شدہ Retention Money تعمیراتی نقائص نہ ہونے کی صورت میں (Maintinance Period) پورا ہونے کے بعد واگزار ہوگی۔

-10 جملہ مروجہ ٹیکسز کی وضعگی رائج الوقت شرح کے مطابق بلات سے کی جائے گی۔

-11 ٹھیکیدار کسی عدالتی کارروائی کا مجاز نہ ہوگا۔ کسی تنازعہ کی صورت میں ناظم اعلیٰ جنگلات (ترقیات) آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر کا فیصلہ حتمی ہوگا۔

-12 زیر دستخطی کو AJK PPRA رولز 2017ء کی شق نمبر 33 کے تحت منظوری قبل ٹینڈر مسترد کرنے کا اختیار ہوگا۔

-13 محکمہ کے نادہندہ Black listed ٹھیکیدار بالواسطہ یا بلاواسطہ ٹھیکہ جات میں حصہ لینے کے اہل نہ ہوں گے۔ اگر اجرائیگی ورک آرڈر کے بعد یہ معلوم ہوا کہ اصل ٹھیکیدار کی بجائے سابقہ نادہندہ ٹھیکیدار نمائندہ کام کر رہا ہے تو راقم اس ٹھیکہ میں موصول کال ڈیپازٹ بحق سرکار ضبط کرتے ہوئے ٹھیکہ منسوخ کر دینے کا مجاز ہوگا۔

-14 تعمیر پختہ برجیات کے میٹریل کی ڈھلائی وسٹاکنگ، کرایہ نجی اراضیات، لیبر کی رہائش، گاڑی مہیا کرنے اور دیگر ضروری انتظامات کے اخراجات کی ذمہ داری ٹھیکیدار کی ہوگی۔ محکمہ جنگلات اس کی ادائیگی کا ذمہ دار نہ ہوگا۔

-15 دوران کام کسی انسانی غفلت کی وجہ سے خدانخواستہ کوئی حادثہ یا کوئی جانی نقصان ہونے کی صورت میں محکمہ ہذا ذمہ دار نہ ہوگا۔

-16 یہ اشتہار AJK PPRA کی ویب سائٹ پر شائع شدہ ہے۔

مشمولہ: بینک پرت اصل چالان رقم 5000/- روپے

(خواجہ محمد طاہر)
مہتمم جنگلات
حد بندی ڈویژن مظفرآباد

نمبر: 888-99 مورخہ 06-02-024

نقل بالا بخدمت:

1۔ جناب ناظم اعلیٰ جنگلات (پرنسپل) آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر مظفرآباد برائے اطلاع گزارش ہے۔

-2 جناب ناظم اعلیٰ جنگلات (علاقائی) آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر مظفرآباد برائے اطلاع گزارش ہے۔

3۔ جناب ناظم اعلیٰ جنگلات (ترقیات) آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر مظفرآباد برائے اطلاع گزارش ہے۔

4۔ جناب ناظم اعلیٰ حسابات آزاد جموں وکشمیر مظفرآباد برائے اطلاع ارسال خدمت ہے۔

5۔ جناب ناظم جنگلات حد بندی سرکل آزاد کشمیر مظفرآباد بغرض اطلاع ارسال خدمت ہے۔

-6 جناب ناظم جنگلات مظفرآباد سرکل برائے اطلاع ارسال خدمت ہے۔

-7 چیف پلاننگ صاحب منصوبہ بندی وترقیات محکمہ جنگلات/فوکل پرسن آزاد جموں وکشمیر پیپرا اتھارٹی برائے اطلاع وکارروائی۔

-8 ڈپٹی ڈائریکٹر صاحب AJK PPRA آزاد جموں وکشمیر مظفرآباد برائے اطلاع وکارروائی۔

9-12 نوٹس بورڈ مرکزی دفتر جنگلات/احاطہ دفتر/پرانا سیکرٹریٹ/نیو سیکرٹریٹ چھتر مظفرآباد۔